## ملک دشمن طالبان نے ریاستی اداروں پرحملوں کی شکل میں پاکستان کے خلاف کھلی جنگ شروع کردی ہے۔الطاف حسین

## پاکستان سے جنگ کرنے والے یہ دہشت گرد ملک اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں،

## سرکاری اہلکاروں اورعام شہریوں کوخاک وخون میں نہلانے والے عناصرکسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

## جولوگ بھی ملک دشمن طالبان کی بالواسطہ یابلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ قومی مجرم اوران ملک دشمنوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔

## پنجاب کے دارالحکومت لاہوراورکوہاٹ میں دہشت گردوں کے حملوں پرشدیداظہارمذمت

لندن۔۔۔15،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک دشمن طالبان دہشت گردوں کی جانب سے پنجاب کے دارالحکومت لاہور کے تین مقامات پر مسلح حملوں اورکوہاٹ میں تھانہ صدر پرخودکش حملے کی شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے اوردہشت گردی کے ان واقعات میں پولیس افسران واہلکاروں سمیت متعددافراد کی شہادت پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان ملک دشمن طالبان دہشت گردوں نے کوہاٹ کے تھانے پرخودکش حملے کے بعدلاہورمیں ایف آئی اے ہیڈکوارٹر، مناواں پولیس ٹریننگ سینٹراور بیدیاں ایلیٹ فورس ٹریننگ سینٹر پرحملہ کرکے کئی پولیس افسران، اہلکاروں اور عام شہریوں کوخاک وخون میں نہلادیا۔انہوں نے کہا کہ اس سے قبل دہشت گردوں نے جی ایچ کیو پرحملہ کرکے متعددفوجی افسران اورسرکاری اہلکاروں کوشہید کردیا تھااورآج انہوں نے لاہورمیں ایف آئی اے اورپولیس کے مراکز پرحملہ کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک دشمن طالبان نے اب ریاست کے اداروں پرحملے شروع کردیئے ہیں جس سے صاف ظاہر ہے کہ ان طالبان دہشت گردوں نے پاکستان کے خلاف کھلی جنگ شروع کردی ہے اور پاکستان سے جنگ کرنے والے یہ دہشت گرد ملک اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں اوراپنے گھناؤنے اور مذموم مقاصد کیلئے سرکاری اہلکاروں اور عام شہریوں کوخاک وخون میں نہلانے والے یہ عناصرکسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ جولوگ بھی ان ملک دشمن طالبان کی بالواسطہ یابلاواسطہ حمایت کررہے ہیں وہ بھی قومی مجرم ہیں اوران ملک دشمنوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاسی ومذہبی جماعتوں کے لوگ اوربعض مبصرین آج بھی مذہبی انتہاپسند دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کودوسروں کی جنگ قراردیکرعوام کوگمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔یہ عناصرقوم کوجواب دیں کہ کیاجی ایچ کیو پاکستان کے بجائے کسی اورملک کاادارہ ہے؟ کیالاہورمیں مناواں پولیس ٹریننگ سینٹر،بیدیاں ایلیٹ فورس ٹریننگ سینٹر،ایف آئی اے ہیڈکوارٹراورکوہاٹ میں تھانہ صدرپاکستان کے سرکاری ادارے نہیں ہیں؟ کیاپاکستان کی فوج کے ہیڈکوارٹر،پولیس کے ٹریننگ سینٹرزاورریاست کے دیگراداروں اور پاکستان کے شہریوں پرحملہ کرنے والے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کودوسروں کی جنگ قراردینا درست ہے؟انہوں نے کہا کہ میڈیا کو چاہیے کہ وہ پاکستان دشمن طالبان دہشت گردوں کی حمایت کرنے والے عناصرکابائیکاٹ کرے۔ انہوں نے کہا کہ جی ایچ کیو کی طرح آج لاہوراورکوہاٹ میں دہشت گردی کے یہ سنگین واقعات پاکستان کی سلامتی اورقومی غیرت پرحملہ ہیں اوردہشت گردعناصراس قسم کی بزدلانہ کارروائیاں کرکے پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف سازشیں کررہے ہیں۔انہوں نے ملک بھرکےعوام سے اپیل کی کہ وہ مثالی اتحادویکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے انتہاء پسند دہشت گردوں کی سازشوں کوناکام بنائیں،اپنے اپنے علاقوں میں دہشت گردوں اورمشکوک افراد پرنظررکھیں اوردہشت گردی کے خاتمہ کیلئے پولیس اورسیکوریٹی فورسز کے ساتھ بھرپورتعاون کریں۔جناب الطاف حسین نے صدرآصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا ریاستی اداروں پرحملے کرنے والے دہشت گردوں اور انکے سرپرستوں کے خلاف سخت ایکشن کیا جائے۔جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے حملوں میں شہید ہونے والے پولیس افسران و اہلکاروں اورعام شہریوں کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان ان کےغم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دہشت گردی کے واقعات میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں اورعام شہریوں کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## دہشت گردی کی بزدلانہ کارروائیاں پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہیں،الطاف حسین
## عوام درندہ صفت دہشت گردوں کے خلاف بھرپور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں
## خودکش حملہ آوروں کی سرپرستی اور حمایت کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز وتفریق کارروائی کی جائے
## پشاور میں سی آئی اے پولیس اسٹیشن کے تحقیقاتی سیل پر خودکش حملہ پر اظہار مذمت

لندن۔۔۔16،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے کنٹونمنٹ ایریا میں سی آئی اے پولیس اسٹیشن کے تحقیقاتی سیل پر خودکش حملہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے اوراس حملہ میں متعدد بے گناہ افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ گزشتہ کئی دنوں سے سفاک طالبان دہشت گردوں کی جانب سے سرکاری عمارتوں پر حملوں اور بم دھماکوں کی بزدلانہ کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور دہشت گردی کے ان واقعات میں درجنوں بے گناہ سرکاری افسران ،اہلکاراور عام شہری جاں بحق ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اپنے ہم وطن اورکلمہ گو بھائیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا اورخودکش حملے کرکے بے گناہ شہریوں کو قتل کرنا اسلامی تعلیمات کی صریحاً نفی ہے اور جوعناصر اسلام کے نام پر بے گناہ مسلمانوں کو قتل کررہے ہیں وہ دین اسلام، پاکستان اورعوام کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ درندہ صفت دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہیں لہٰذا ملک بھر کے عوام کو چاہئے کہ وہ ان درندہ صفت دہشت گردوں کے خلاف بھرپور اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کریں اور پاکستان کو دہشت گردی سے پاک ملک بنانے کیلئے مسلح افواج اورسیکورٹی کے اداروں کا بھرپور ساتھ دیں۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور میں سی آئی اے پولیس اسٹیشن کے تحقیقاتی سیل پر خودکش حملے کا فوری نوٹس لیا جائے اورخودکش حملہ آوروں کی سرپرستی اور حمایت کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز وتفریق کارروائی کی جائے۔جناب الطاف حسین نے خودکش بم دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورزخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## پاکستان اوراس کے عوام کے بنیادی مسائل کی اصل جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے،الطاف حسین
## ایم کیوایم بانیان پاکستان کے خوابوں کو تعبیر دیکر پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں شامل کرنے کی جدوجہد کررہی ہے
## شہید ملت خان لیاقت علی خان کی 58ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔16،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم بانیان پاکستان کے خوابوں کو تعبیر دیکر پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں شامل کرنے کی جدوجہد کررہی ہے۔شہید ملت خان لیاقت علی خان کی 58ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے خان لیاقت علی خان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اوراس کے عوام کے بنیادی مسائل کی اصل جڑ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اورایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومتوسط طبقہ کے تعلیم یافتہ اورایماندار افراد کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم قائداعظم محمد علی جناح، ڈاکٹر علامہ اقبال،شہید ملت خان لیاقت علی خان اوردیگر بانیان پاکستان کے خوابوں کو تعبیر دیکر پاکستان کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں شامل کرنے کی جدوجہد کررہی ہے اورانشاءاللہ وہ دن ضرور آئے گا جب ملک بھر سے ظلم وناانصافی کے دور کا خاتمہ ہوگا اورغریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بھی روزگار،تعلیم،صحت اور دیگر بنیادی مسائل سے نجات ملے گی۔

## دنیا کا ہر مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہے،الطاف حسین
## ہندوبرادری کے مذہبی تہوار دیوالی کے موقع پر خصوصی پیغام

لندن۔۔۔16،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔دیوالی کے موقع پر اپنے

خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بلاتفریق رنگ ونسل، زبان اور مذہب انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور دنیا کا ہر مذہب احترام انسانیت، امن ومحبت اور شانتی کا درس دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ تمام مذاہب کے لوگ ایک دوسرے کی عبادت گاہوں اور مذہبی جذبات کا احترام کریں اور جیواور جینے دو کی پالیسی پر عمل کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے، پاکستان کی مذہبی اقلیتوں کو برابر کا شہری سمجھتی ہے اور چاہتی ہے کہ پاکستان میں موجود تمام مذاہب کے ماننے والوں کوان کے بنیادی حقوق حاصل ہوں اوران سے کسی قسم کا امتیاز نہ برتا جائے۔انہوں نے کسی بھی مذہب کا تہوار خوشیوں کا پیغام لاتا ہے اور ہمیں ان کی خوشیوں میں شریک ہونا چاہئے۔جناب الطاف حسین نے ہندو برادری کو ایک مرتبہ پھر دیوالی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی عبادتوں میں ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، ملکی استحکام وسلامتی، ترقی وخوشحالی اور حق پرستی کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے خصوصی دعائیں کریں۔

## حق پرست امیدوار گلگت بلتستان کے انتخابات میں عوام کے ووٹوں سے تاریخی کامیابی حاصل کریں گے، وسیم آفتاب

## GBLA-3 جلال آباد میں منعقدہ بڑی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

گلگت۔۔۔ 16/اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران گلگت بلتستان میں ہونے والے انتخابات میں عوام کے ووٹوں سے تاریخ ساز کامیابی حاصل کریں گے اور قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق عوام کی خدمت کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں GBLA-3 جلال آباد میں ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔میٹنگ سے GBLA-3 جلال آباد سے نامزد حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی نے بھی خطاب کیا۔کارنر میٹنگ میں عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی جس کے باعث دیکھتے دیکھتے کارنر میٹنگ بڑے جلسے میں تبدیل ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک سے چند خاندانوں کی حکمرانی کا خاتمہ چاہتی ہے اور مضبوط جمہوریت کے استحکام کیلئے جدوجہد کررہی ہے۔وسیم آفتاب نے اپیل کی کہ گلگت بلتستان کے باشعور عوام مضبوط جمہوریت کے قیام اور گلگت بلتستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے حق پرست امیدواران پر اپنے اعتماد کا اظہار کریں اورانہیں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔قبل ازیں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی نے کہا کہ الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ سچائی پر مبنی ہے اوراس کی جدوجہد کا مقصد 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کا حصول ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم کو الطاف حسین جیسی قیادت کی ضرورت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ کردے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان کے تایا کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔16،اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان کے تایا لطیف یار خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین) دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے ارکان نے بھی سیف یار خان سے ان کے تایا لطیف یار خان کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران صبر کیلئے دعائیں کیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور حق پرست ارکان اسمبلی نے جی ایچ کیو آپریشن میں شہید ہونیوالے بریگیڈئر انوار الحق اور دیگر کیلئے فاتحہ خوانی

اسلام آباد۔۔۔16/اکتوبر، 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان اور حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ، ساجد احمد نے جنرل ہیڈکوارٹر (ایچ کیو) راولپنڈی پر دہشت گردوں کے

حملے کے نتیجے میں شہید ہونے والے بریگیڈیئر انوارالحق کی رہائشگاہ جاکرسوگواراہل خانہ سے ملاقات کی اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے انوارالحق کی شہادت پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر وہاں رہے اورانہوں نے انوارالحق شہید سمیت حملے شہید ہونیوالے تمام شہداء کے بلند درجات اورسوگوارلواحقین کے صبرجمیل کیلئے دعا بھی کی۔ دریں اثناء انہوں نے جی ایچ کیوراولپنڈی آپریشن کے میں شہید ہونیوالوں فوجی افسران اور جوانوں کی یادگار پر جاکر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور پاک فوج کے شہید افسران وجوانوں کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبرجمیل کیلئے دعائیں بھی کیں۔۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم اسلام آباد کے آرگنائزر زاہد ملک، راولپنڈی کے آرگنائزر متین خان اور دیگر ذمہ داران بھی تھے۔

## اے پی ایم ایس او ایک امن پسند،علم پرور اور متحد ومنظم طلبہ تنظیم ہے،خواجہ اظہارالحسن
## جامعہ کراچی میں فن میلے کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔16اکتوبر،2009ء

حق پرست صوبائی مشیر برائے وزیراعلیٰ سندھ خواجہ اظہارالحسن نے کہاہے کہ اے پی ایم ایس او امن پسند علم پرور اور متحد ومنظم طلبہ تنظیم ہے جس کی جانب طلبہ وطالبات کیلئے نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کا فروغ قابل تعریف ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن جامعہ کراچی یونٹ کے تحت فن میلہ کے انعقاد کے موقع پر کہی۔فن میلے کا انعقاد میں جامعہ کراچی کے پروفیسرز ودیگر اساتذہ کرام کے علاوہ تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے طلبہ وطالبات نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر اور جامعہ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔خواجہ اظہارالحسن نے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے اے پی ایم ایس او تعلیم کے میدان میں علم کے فروغ کیلئے پرامن جہدوجہد کررہی ہے، جو امن پسند، علم پرور اور متحد ومنظم طلبہ تنظیم ہے اور طلبہ وطالبات کے حقوق کے حصول کیلئے ہروقت کوشاں ہے بلکہ باطل قوتوں کیلئے سیسہ پلائی دیوار بنی ہے۔حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن نے فن میلے کے موقع پر دلچسپ اور معلوماتی مضامین پر مبنی شمارہ اناالحق کا اجراء بھی کیا اور اناالحق کی تیاری پر کارکنان کو قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش بھی دی۔ اس مجلّہ کے اجراء سے طلبہ وطالبات کے ذہنوں میں ایک نئی فکر اجاگر ہوگی۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلبہ طالبات کوعلم اور قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے سے روشناس کراتی رہے گی۔

## الطاف حسین کی ہدایت پر ہندو برادری کو دیوالی کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے 5ہزار روپے کے امدادی چیکس کی تقسیم

کراچی۔۔۔ 16اکتوبر2009

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ہندو برادری کے مذہبی تہوار دیوالی کے موقع پر ہندو برادری کے غریب خاندانوں کو دیوالی کی خوشیوں میں شریک کرنے کے لئے امدادی چیک تقسیم کئے گئے۔اس موقع پر دوسو غریب خاندانوں میں فی خاندان -/5000روپے کے چیک تقسیم کئے گئے۔اس سلسلے میں ایک تقریب گذشتہ روز آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے آڈیٹوریم میں منعقد ہوئی جس میں رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری مہمان خصوصی تھے،تقریب میں رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضا ہارون، رکن رابطہ کمیٹی کنور خالد یونس اور حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی منوہر لال، مقیم عالم ایڈوکیٹ، طاہر قریشی، اسٹیفن آصف، ٹاؤن ناظم صدر دلاور احمد اور ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے ذمہ داران کے علاوہ ہندو برادری اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد بڑی تعداد میں شریک ہوئے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سازشی عناصر کی جانب سے ماضی میں تضحیک کی گئی لیکن لوگ اب جناب الطاف حسین کے نظریہء حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کوتسلیم کرنے لگے ہیں، الطاف حسین کے نزدیک سب سے بڑا مذہب انسانیت ہے یہی وجہ ہے کہ تمام مذاہب کے ماننے والے آج الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین لفظ اقلیت کے قائل نہیں وہ سب کو برابر کا پاکستانی سمجھتے ہیں تمام مذاہب کے ماننے والوں کے درمیان قدر مشترک پاکستان اور پاکستانی ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ صرف الطاف حسین ہی موجودہ صورتحال میں پاکستان کی سالمیت اور استحکام کی ضمانت ہیں ایم کیوایم میں مذہب کی بنیاد پر کسی کے ساتھ کوئی امتیاز نہیں کیا جاتا۔انہوں نے ہندو برادری کو دیوالی کے موقع پر پیشگی مبارکباد بھی دی۔رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضا ہارون نے اپنے خطاب میں کہا کہ اقلیت کا لفظ قوم کوتقسیم درتقسیم کرنے کی سازش ہے اس لفظ کو ہماری ڈکشنری اور پاکستان کے آئین وقانون سے بھی ختم ہوجانا چاہیے اوراس لفظ کوختم کرنے کے لیے ایک تحریک چلانے کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ حال اور ماضی کے سیاست دانوں میں الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے تمام

مذاہب کے ماننے والوں کوایک پلیٹ فارم پرجمع کیا ہے وہ ملک کے 98% غریب، مظلوم اور محکوم عوام کی حکمرانی چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر اس ملک کی تقدیر بدلنی ہے اور ملک سے جاگیردارانہ اوروڈیرانہ نظام کوختم کرنا ہے تو جاگیردارانہ سوچ رکھنے والوں سے نجات حاصل کرنا ہوگی جو اس جاگیردارانہ نظام کی حمایت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال کی تعریف دراصل الطاف حسین کی تعریف ہے ایم کیوایم امیروں سے نفرت نہیں کرتی انہیں یہ دولت اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے ہمارا اختلاف وڈیروں، جاگیرداروں اوران جیسی سوچ رکھنے والوں سے ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم موجودہ بلدیاتی نظام کے تسلسل کی حامی ہے کیوں کہ اس نظام کے تحت عوام کی بڑے پیمانے پر خدمت کی گئی ہے بلدیاتی نظام کے حوالے سے صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری سے گزشتہ روز ملاقات ہوئی ہے اورانہوں نے اس سلسلے میں کئی یقین دہانیاں کرائی ہیں اور کہا ہے کہ بلدیاتی نظام کے حوالے سے کوئی غیرآئینی وغیرقانونی اقدام نہیں کیا جائیگا۔تقریب میں پاکستان کی سلامتی استحکام قائد تحریک الطاف حسین کی صحت اور درازیٔ عمر کے لیے دعا کی گئی اور مذہبی ٹیبلو پیش کیے گئے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی اورغیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم حیدرآباد زون کے دوکارکنان تنظیم سے خارج

کراچی۔۔۔16/اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اورغیرتنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پرایم کیوایم حیدرآباد زون کینٹ سیکٹر کے کارکن عارف (آئل والے) ولد عبداللہ اورحیدرآباد زون سیکٹراے یونٹ B-3 کے کارکن شکیل (گوگی) ولد محمد امین قریشی کوفوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کوہدایت کی ہے وہ تنظیمی نظم وضبط پرسختی سے عمل کرتے ہوئے تنظیم سے خارج کیے گئے کارکنان عارف ولد عبداللہ اور شکیل ولد محمد امین قریشی سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔16،اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبرڈویژن واٹر بورڈ یونٹ کے کارکن آغا الطاف حسین کے والد عباس حسن آغا، ایم کیوایم اسکیم 33 معمار سیکٹر احسن آباد یونٹ کے کارکن نعیم شمشاد کی والدہ جمیلہ بیگم، ایم کیوایم پی پی او سی گڈاپ ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 04 کے کارکن اسلم تنولی کی والدہ انورسلطانہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواروں اور لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆